ایک خوشحال
اور
منصفانہ اونٹاریو

اونٹاریو بجٹ

2013

ONTARIO TRILLIUM) : اونٹاریو ٹریلیم بینیفٹ (BENEFIT
لوگوں کیلئے زیادہ پسند

حکومت تجویز پیش کر رہی ہے کہ 2014 سے لوگوں کو اونٹاریو ٹریلیم بینیفٹ (OTB) کی ادائیگی یکمشت یا ماہانہ حاصل کرنے کا انتخاب ملے۔

اوٹی بی(OTB)تین ٹیکس کی رقوم کو ایک میں جمع کرتا ہے۔

زیادہ تر لوگ ماہانہ مدد کو خوش آمدید کہتے ہیں ،چونکہ یہ اُنکی بِلوں کی ادائیگی میں مدد کرتی ہے جبکہ کچھ لوگ یکمشت ادائیگی کو پسند کرتے ہیں۔

اونٹاریو میں گاڑی چلانے والوں کو پیسےبچانے میں مدد
حکومت مندرجہ ذیل تجاویز کے ذریعہ، نو ملین سے زائد ڈرائیوروں کیلئے، موٹر گاڑیوں کی انشورنس کی قیمت کواستحکام بخش کر کامیابی حاصل کررہی ہے:

- ☑ قیمت اور شرح کم کرنے کی حکمت ِ عملی اپنا کر ،جو خریداروں کیلئے موٹر گاڑیوں کی انشورنش قسط کو اوسطاً پندرہ فیصد کم کر دے گی۔
- ☑ بیمہ کمپنیوں کیلئے قابلِ بھروسہ ڈرائیوروں کو کم قیمت دینا لازمی ۔
- ☑ خریداروں کے تحفظ اور قیمتوں کو کم کرنے کیلئے موٹر گاڑیوں کی انشورنس کی دھوکے بازی پر مسلسل سخت کاروائی ۔
- ☑ انڈسٹری کی قیمتوں کا جائزہ لینے کیلئے اور یہ یقینی بنانے کیلئے کہ بچت خریداروں کو جائے، جواب دہی اور ظاہر و باہر کرنے کے نئے اقدامات ۔

ٹول فری : 1-800-337-7222

ٹی ٹی وائی ٹول فری: 1-800-263-7776

www.ontario.ca/budget

© Queen's Printer for Ontario, 2013

2013کا بجٹ صوبہ کی معیشت کو مضبوط بنانے اور ہر ایک کو کامیاب ہونے کا موقع دینے والا اونٹاریو کی نئی حکومت کا منصوبہ ہے۔

اونٹاریو کی اقتصادی کارکردگی مضبوط ہوتی ہے ،جب ہر ایک کو با منفعت روزگار ،اپنی کمیونٹی کی زندگی میں شرکت کرنے اور اپنے صوبہ کی خوشحالی میں شراکت کا موقع ملتا ہے۔

روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں حکومت کا کردار یہ ہے کہ وہ کاروباروں اورکاروباری مہم جوئیوں کو خطرہ لینے، سرمایہ کاری کرنے ، ملازمتوں کے مواقع پیدا کرنے اور جدت طرازی کے عمل کیلئے ،صحیح ماحول کی حوصلہ افزائی کرے۔

متوازن راہ

خسارے کو ختم کرنا واحد سب سے اہم بات ہے جواونٹاریو کی خوشحالی کے تحفظ کیلئے حکومت کر سکتی ہے۔

حکومتِ اونٹاریو خسارے کو 18 - 2017 تک ختم کرنے کیلئے پُر عزم ہے۔

13- 2012 کا خسارہ اندازً 9.8 بلین ڈالر ہے – یہ گذشتہ سال کے بجٹ میں متوقع خسارے سے 5 بلین ڈالر کم ہے ۔

حکومت کی کاروائی نے لگاتار چو تھے سال اونٹاریو کو کی گئ پیش گوئی سے کم خسارے کی رپورٹ پیش کرنے میں مدد کی ہے۔

13- 2012 میں پروگراموں کے اخراجات میں اضافہ لگاتار دوسرے سال بھی ایک فیصد سے کم متوقع ہے۔

روزگار اور ترقی کا منصوبہ

روزگار اور ترقی کیلئے اونٹاریو کا منصوبہ مضبوط معاشی بنیادوں پر قائم ہے،جس کو حکومت کی پالیسی اور چھ میدانوں میں سرمایہ کاری کی حمایت حاصل ہے:

1. مسابقتی کاروباری ماحول — ایک مسابقتی نظامِ ٹیکس کی حمایت کر رہا ہے اور مؤثر مقررہ قاعدہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور اقتصادی ترقی کیلئے نئی کاروباری سرمایہ کاری کو فروغ دیتا ہے۔
2. جدید ضروری بنیادی ڈھانچہ — نقل و حمل، سڑکوں ، اسکولوں اور ہسپتالوں میں سرمایہ کاری کرنا پیداواری معیشت کیلئے ایک اہم بنیاد ہے۔
   - حکومت کا اگلے تین سالوں میں نقل و حمل، صحت کی دیکھ بھال اورتعلیم جیسے اہم میدانوں میں ۳۵ ملین ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری کرنے کا منصوبہ ہےتا کہ پورے صوبہ میں ہر سال اوسطاً ایک لاکھ ملازمتوں کی حمایت ہو۔
3. انتہائی تعلیم یافتہ افرادی قوت — ہنر مندی اور تعلیم کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کے روزگار میں سرمایہ کاری کرنا یہ یقینی بناتا ہے کہ اس صوبہ کہ لوگ کام کر سکتے ہیں اور خوشحال بن سکتے ہیں۔
   - حکومت اونٹاریو میں نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع ،کاروباری مہم جوئی اور جدت کو فروغ دینے کیلئے اگلے دو سالوں میں 295 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کرکے نوجوانوں کیلئے روزگار کی ایک جامع حکمتِ عملی کی تجویز کر رہی ہے۔
4. کاروبار ی مہم جوئی اور جدت کو فروغ دینا — عالمی معیشت کیلئے خیالات کو جدید اشیا اور خدمات میں تبدیل کرنے کی اونٹاریو کی صلاحیت کو مضبوط کرکے۔
5. عالمی بننا — اشیا اور خدمات کے حصول کیلئے مارکیٹ تک رسائی میں توسیع کرنے کیلئے اونٹاریو کی حدود کے باہر دوسرے صوبوں ، امریکہ اور ابھرتی ہوئی معیشتوں کے کاروبار کے ساتھ کام کرکے
6. متحرک اور مضبوط کمیونٹیز — تمام کمیونٹیز اور علاقائی معیشتوں کی مدد کرکے تا کہ وہ روز گار کے مواقع اور اقتصادی ترقی سے فائدہ اُٹھائیں۔

ایک منصفانہ معاشرہ

اونٹاریو کی اقتصادی کارکردگی اور سماجی تانا بانا اوربھی مضبوط ہو تا ہے جب ہر ایک کو اسکی مکمل صلاحیت کے ساتھ کامیاب ہونے کا موقع ملتا ہے۔

مندرجہ ذیل کے ذریعہ اعلیٰ معیا ر کی عوامی خدمات جاری رکھنا:

- ☑ ہر ایک کیلئے صحت کی دیکھ بھال کی اعلیٰ معیار کی خدمات تک رسائی کو بہتر بناکر۔
- ☑ پورے دِن کے کنڈرگارٹن پر پورے طور پر عمل درآمد کرتے ہوئے اور وہ مہارت جو نوجوان طلبہ کی کامیابی کیلئے ضروری ہے، پر مرکوزتوجہ میں اضافہ کرتے ہوئے،طلبہ کی کامیابی کی تیاری کرنا۔
- ☑ پوسٹ سیکنڈری تعلیم تک رسائی کو بہتر بنانے کیلئے30 فیصد اونٹاریو ٹیوشن گرانٹ مہیا کروا کر۔

مندرجہ ذیل کے ذریعہ لوگوں کیلئے مواقع میں اضافہ کرنے کی تجویز :

- ☑ سماجی امداد وصول کرنے والوں کیلئے روزگار کی راہ میں حائل روکاوٹوں کو کم کرنے کیلئے ماہانہ کمائی پر 200 ڈالر کی چھوٹ متعارف کروا کر۔
- ☑ سماجی امداد کی شرح میں اضافہ کرکے،جس میں اونٹاریو ورکس (Ontario Works)حاصل کر رہے بغیر بچوں والے اکیلے بالغوں کیلئے اضافہ بھی شامل ہے۔
- ☑ اونٹاریو ورکس (Ontario Works)وصول کرنے والوں کو تحفظ دینے اور انکو مالی طور پر مزید محفوظ نبانے کیلئے اونٹاریو ورکس (Ontario Works) مائع اثاثہ کی حدود میں اضافہ کرکے۔
- ☑ ایب اوریجنل(Aboriginal)لوگوں کیلئے زیادہ سے زیادہ مواقع کی حمایت کر کے، سماجی امداد کی اصلاحات میں براہِ راست مشغولیت کے ذریعہ،رہائش کے ساتھ ساتھ ایب اوریجنل بچوں اور نوجوانوں کی ضروریات کو بہتر رنگ میں پورا کرنے والی تبدیل ہو رہی خدمات کی مزید حمایت کے ذریعہ۔

www.ontario.ca/budget